© rasailojaraid.com

# مطبوعات

## اسلامی نظام

از جناب حکیم محمد اسحاق صاحب سندیلوی۔ قیمت عہ (ایک روپیہ)

ناشر:۔ دار الاشاعت نشأۃ ثانیہ، حیدر آباد (دکن)

اس کتاب میں زندگی کے نظریۂ اسلامی کو پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے اور اس نظریہ کے ان اثرات کی طرف اشارات کیے گئے ہیں جو بحیثیت مجموعی زندگی پر نمودار ہوتے ہیں۔ چنانچہ کتاب کے مرکزی پیغام سے اختلاف کرنے کی گنجائش نہیں۔ مگر یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ وہ اصطلاحات اور تعبیرات جن کے لباس میں نظریۂ اسلامی کو پیش کیا گیا ہے ان میں سے بعض غلط فہمی کی موجب ہو سکتی ہیں۔ نیز کتاب پڑھتے ہوئے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بات "دل" سے نہیں "دماغ" سے نکل رہی ہے۔ ان اشارات کی توضیح کی نہ یہاں ان صفحات میں گنجائش ہے اور نہ کچھ زیادہ ضرورت ہے۔ مؤلف کی کوشش بہرحال قابل قدر ہے اور اس وقت جب کہ ہر چہار طرف باطل افکار ودوائر چھائے ہوئے ہیں، اس قسم کی ہر کوشش کا ہمیں خیر مقدم کرنا چاہیے۔

## پیغام رسول

از جناب سید ابو الفاروق صاحب واسطی الهندی۔ قیمت عہ (ایک روپیہ)

ملنے کا پتہ:۔ رضا کمال بکڈپو، فاروق گنج، لاہور۔

دنیا میں بہت سے لوگ بہت سی کتابیں ایسی لکھتے ہیں جو کسی نہ کسی نقطۂ نظر، اور کسی نہ کسی پہلو سے مفید تو ہوتی ہیں مگر "تیر بہدف" نہیں ہوتیں۔ چنانچہ یہ "پیغام" بھی ایک حد تک مفید پیغام تو ہے مگر تیر بہدف "نہیں ہے۔" کچھ مناظرانہ سی باتیں بھی ہیں، کچھ لطیفہ گوئی بھی ہے، کچھ شدت سے برسنا بھی ہے اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ "پیغام رسول" کو ان صفات سے خالی ہونا چاہیے۔ پھر بعض مواقع پر تو محترم مؤلف موجود مسلمانوں کے ایمان کی حیثیت متعین کرنے میں حد اعتدال یا حد احتیاط کو صاف پھاند گئے ہیں۔ اور کوئی بات قابل ذکر نہیں ہے۔ مناسب ہوتا کہ پیغام رسول کو پیش کرنے سے پہلے قرآن وحدیث سے اس کو اچھی طرح سمجھ لیا جاتا۔

(ن۔ ص)

© rasailojaraid.com